جنسی میلاپ کے ذریعے منتقل ہونے والے انفیکشن میں خاطر خواہ نوجوانوں کی تعداد تھی۔ جو کہ تمام جنسی طور پر منتقل ہونے والے انفیکشن کے نتیجے میں پیدا ہوئے تھے۔ آٹھ کیس اسٹڈیز میں ایسے نمونے حاصل کیے گئے، ان کے لئے بڑے بڑے کارخانوں، آبادی والے علاقوں اور درسگاہوں کو چنا گیا۔۔ ٹیبل نمبر 7 سے واضح ہوتا ہے۔ جنسی طور پر منتقل ہونے والے انفیکشن میں ایسے لوگوں کی اکثریت ہے۔ صرف ماٹجریا کی یونیورسٹی کے طلبہ کو دیکھا گیا۔ کہ ان میں علاج کرانے کی سمجھ اور نیت ہے۔ اس صورتحال میں یونیورسٹی کی طلبہ کی 10 طلبہ کا ویجنیل ڈسچارج کے عمل سے گزر چکے تھے۔۔ 4% کو سخت درد رہا ان میں سے 89% نے علاج کروایا۔ اس کے مقابلے میں تمام مردوں کو درد کی شکایت تھی انہوں نے 17% نے علاج کروایا اور اپنے طور پر دوائیں لیں۔

غیر مطلوبہ حمل

خواتین کی ایک بڑی تعداد یعنی 10% سے 40% حمل نہیں رکھنا چاہتی۔ اس کے برعکس خاص تعداد کنواری لڑکیوں کی ایسی تھیں جن کو حمل ٹھہر چکا تھا جو کہ غیر منصوبہ شدہ اور غیر مطلوبہ تھا۔ مختلف جگہوں پر کی گئی ریسرچ کے مطابق 10% سے 40% کنواری عورتیں حمل سے رہ چکی تھیں۔ ٹیبل نمبر 8 میں درج ہے۔ شنگھائی سے لینے والی کیس اسٹڈیز سے پتہ چلا 40% عورتوں نے تسلیم کیا کہ ان کو غیر مطلوبہ حمل ٹھہر چکا ہے (گاؤ 1998) ری پبلک کوریا کی فیکٹری ورکرز کی 27% کنواری لڑکیوں نے اقرار کیا کہ وہ غیر مطلوبہ حمل سے رہ چکی ہیں۔ بوسٹوانہ تنزانیہ کی 42% لڑکیاں جو اسکول نہیں جاتی ہیں۔ اور بیونس آئرس ارجنٹائن کی 27% لڑکیاں وہ غیر مطلوبہ حمل سے ٹھہر چکیں ہیں۔ (چینی لائیڈز 1991) یہ دیکھا گیا ہے کہ اسکول جانے والے لڑکے لڑکیاں غیر مطلوبہ حمل سے کچھ قدر بچی ہوئی ہیں۔ بالمقابل جو گھروں میں رہتی ہیں۔ جیسا کہ ارجنٹائن، تنزانیہ، ماٹجریا، پیرو، فلپائن یوگنڈا اور ویٹ نام سے 10% اسٹڈیز میں مندرجہ بالا بات سامنے آئی ہے۔

مثال کے طور پر ارجنٹائن میں اسکول جانے والی لڑکیوں کی عمر والی لڑکیوں کی تعداد 3% کو حمل ٹھہرا اور 2% لڑکوں نے کہا کہ وہ حمل ٹھہرانے میں اپنا کردار ادا کر چکے ہیں۔ ایسی کیس اسٹڈیز سے ظاہر ہوتا ہے کہ مستقل طور پر محفوظ جنسی عمل کیا جائے جبکہ خود ساختہ جنسی میلاپ میں مانع حمل کی پریکٹس استعمال نہ کرنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ پہلی دفعہ حاملہ ہونے والی لڑکیوں میں دیکھا گیا ہے کہ وہ سمجھ نہیں سکتیں کہ وہ حاملہ ہو چکی ہیں یا سمجھنے میں ان کو دیر لگتی ہے۔

جب ان کو ماہواری وقت پر نہیں آتی تو وہ سمجھنے لگتی ہیں کہ وہ حاملہ ہو چکی ہیں۔ نوجوان لڑکیاں حاملہ ہونے کا بتانے میں محتاط رہتی ہیں۔ اس کا اندازہ آپ ٹیبل نمبر 8 سے بخوبی لگا سکتے ہیں۔ کہ کتنی پہلی دفعہ ہونے والی حاملہ لڑکیاں اپنے بڑوں یا دوستوں کو بتاتی ہیں کہ وہ حاملہ ہیں۔ بوسٹوانہ کی ایک کیس اسٹڈی حاملہ ہونے والی لڑکی اور اس کے دوست کے حالات پر ہے۔ جس سے ظاہر ہوا کے 18% لڑکیاں ایک دفعہ حمل ہونے کی بعد میں دوسری دفعہ حاملہ ہوتی ہیں تو بتا دیتی ہیں۔ ان کیسوں میں یہ دیکھنے میں آیا کے عموماً حمل دوستوں سے ٹھہرا (کوزیڈینی 1999)۔ ایک فلپائن کے کیس اسٹڈی سے ظاہر ہوا کہ ایک غیر شادی شدہ لڑکی اپنی زندگی اور حمل کو کیسے بچاتی ہے۔ جس میں کئی خطرات سامنے آتے ہیں، جیسا کہ غربت، شادی نہ ہونے کے امکان سماجی نفرت و امتیاز سلوک، خوف اور کئی منفی اثرات بقیہ زندگی پر پڑنے کے واضح اشارے ہوتے ہیں، جیسا کہ بچے کے خرچے بھی ماں کے ذمہ آ جاتے ہیں۔ ان کیسز میں سوائے والدین کے کوئی اور مدد نہیں کرتا ہے۔ جیسا کہ اسکول جانے والے کو 13% والدین کی طرف سے مدد 9% ملتی ہے۔

اسقاط حمل

اسقاط حمل عام طور پر نوجوان حاملہ لڑکیاں کرتی ہیں۔ یہ ان علاقوں میں ہوتا ہے جہاں اس کی سختی سے ممانعت ہے۔

ترقی پذیر ممالک میں اس قسم کی اعداد و شمار لینا بہت مشکل کام ہے۔ اس کا چاہے یہ سبب ہو کہ اسقاط حمل منع ہے یا اسقاط حمل ایک حساس نوعیت کا مسئلہ ہے۔ یہ بھی دیکھنے میں آیا کہ نوجوان لڑکیوں کی ایک اکثریت اسقاط حمل کرنا چاہتی ہے۔ ان ممالک میں جہاں اسقاط حمل کی منع نہیں ہے۔ جیسا کہ چائنہ، ویتنام، اور کوریا وغیرہ جہاں پر 85% سے بھی زیادہ جواب دہندہ نے اسقاط حمل کو ترجیح دی۔

جبکہ جن جگہوں پر اسقاط حمل کی منع تھی وہاں پر بھی ایک خاصی تعداد اسقاط حمل چاہتی ہے۔ جیسا کہ نائجیریا 76%، اسکول جانے والی اور نہ جانے والی نوبالغ لڑکیاں خاص طور پر لیمہ، کسکو، اکوئٹو پیرو میں اسقاط حمل کرنے کی حمایتی لڑکیوں کی شرح 49% سے 86% ہے۔ (ارکان اور کورنل 1996) جبکہ دو ارجنٹائن کی کیس اسٹڈیز نے مختلف باتوں کا عندیہ دیا جو حاملہ عورتیں وفاقی سرکاری یا ضلعی اسپتالوں میں جاتی ہیں، ان کی 62% حاملہ خواتین اپنا حمل بچا لیتی ہیں۔ جبکہ اسکول کالج جانے والی لڑکیوں میں حمل ٹھہر جانے کی شرح 14% ہے۔ اس سے سمجھا جا سکتا ہے کہ جو عورتیں پڑھی لکھی ہیں یا ان کی اچھے ڈاکٹر کے پاس رسد ہے تو وہ مرضی سے حمل کو ضائع یا برقرار رکھ سکتی ہیں۔ یہ بات بھی دیکھنے میں آئی کہ ہر پہلی دفعہ حاملہ ہونے والی 4 عورتوں سے حمل ضائع کرنے کے حق میں نہیں (مینڈر رباز 1995)۔ اس سے سمجھا جا سکتا ہے۔ اس گروپ کو خانگی طور پر حمل ضائع کرنے والے لوگوں تک رسائی ہے۔

کہیں کہیں یہ پتہ نہیں ہوتا ہے کہ واقعی حمل ضائع کرنا کوئی قانونی جرم ہے۔ مثال کے طور پر لیمہ، کیسکو، اکوئٹو کی کیس اسٹڈیز سے نتیجہ نکالا گیا ہے کہ یہ لوگ 35% - 25% مرد حضرات اور 36% - 26% خواتین کو یہ معلوم نہیں کہ اسقاط حمل ایک قانونی جرم ہے (الارکان اور کورنل 1996)۔ ایک موضوعاتی مطالعہ میکسیکو میں کیا گیا (ارن فیلڈ 1999-1994) جس سے معلومات ملیں کہ لوگوں کی خاص تعداد کو یہ پتہ نہیں کہ اسقاط حمل غیر قانونی عمل ہے۔

Table-7

جنسی میلاپ کے ذریعے پھیلنے والے جراثیم

ملک	تحقیق میں لائے گئے نمونے	عمر	کبھی STIs کی نشاندہی تھی		ذرائع
			مرد	عورت	
بوٹسوانہ، سیلبے، پھکوے، محل آپوی کانگ	اسکول کے اندر اور باہر نوجوان	13-19	NS2	61	کلوسیڈیمنی,1997
نائجیریا الورن	یونیورسٹی کے طلبہ	15-24	گونوریا 9, سائیفلس 5, چانکروئڈ 2	فارغ-10 زخم-43	آراوئی,1996
ریپبلک آف کوریا	صنعتی کارخانوں میں کام کرنے والی عورتیں	19-29	Ns	7	کوناکھوان اٹ ال,1994
کوریا سول	یونیورسٹی کے غیر شادی شدہ مرد طلبہ	15-29	84	Ns	جونگ ٹولم اٹ ال, 1995

فلپائن ڈوما گیٹ سٹی	کالج کے طلبہ	18-24	106	35	کیڈیلیا,1998
شمال اور شمال-شرق تھائیلینڈ	دیہاتی گھروں میں کام کاج کرنے والی خواتین	15-24	12	3	آئیسارو بکھدی, 1995
تھائیلینڈ شانگ ماء	کارخانوں میں کام کرنے والی غیر شادی شدہ	13-25 (غیر شادی شدہ)	38	17	روگپا ڈ,1997
ارجنٹائن, بیونس آئرز	وہ طلبہ جو سیکنڈری اسکول کی آخری تین سالوں میں تھے	13-19	Na 10	7 9	مینڈیز ریباز,1995
پیرو لیما,کسکو, ایکیوٹو	سیکنڈری سکول جانے والے اور نہ جانے والے نوبالغ	12-09	3-8-12	5-14-11	آلارکون اور گوزا لیس,1996

1- 2NS زیر مطالعہ نہیں آیا۔

2- 389% جنہوں نے علاج کرلیا۔ 30% اپنے طور پر خود دوائیں لیں۔

3- 3% گورنیا

4- جنہوں نے جوابات دیئے 2% نے جوابات نہیں دیئے

5- جنہوں نے جوابات دیئے 6% نے جوابات نہیں دیئے

6- 7% میں نشانیاں تھیں ڈائیریا اور 35 السر۔

7- 8% میں نشانیاں ملیں، ڈائریا 19، اچنگ 15، السر 11، گونوریا 6 ،

8- ایسی نوجوان عورتوں سے پوچھا گیا جو کہ لیڈی ڈاکٹر کے پاس جاتی نہیں 7% عورتوں کا کہنا تھا وہ جنسی میلاپ کی وجہ سے شروعاتی طور پر متاثر ہیں۔

نشانیاں:۔عام بتائی گئی تعداد سے مریضوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔

9- موجود نہیں۔

10- لیمہ: 14، کس کو 8 الکوئٹو 5 لیمہ 8 کس کو 5، الکوئٹو 3۔

Table No. 8

غیر محفوظ جنسی عمل کے نتائج: غیر ارادی طور پر حاملہ پن

ملک	نمونہ	عمریں	سوال پوچھا گیا	کبھی جنسی عمل کے دوران حاملہ ہونے کے شرح%	زچگی کی شرح%	ایک یا ایک سے زیادہ حمل ضائع کرنے کی شرح %	مردوں نے غیر ارادے طور پر حمل ٹھرانے کی نکاذمی کرنے کی شرح %	ذرائع
بوٹسوانا سیلبے، پکوے، محل آپوی، کانگ	اسکول کے اندر اور باہر نوجوان	13-19	حاملہ ہوئیں اسکول میں اسکول سے باہر	18 8 42	موجود نہیں	موجود نہیں	زیر مطالعہ نہیں آیا	لگوسیڈمسٹی، 1997
نائجیریا الورن	یونیورسٹی کے طلبہ	15-24	کسی جنسی ساتھی سے حاملہ ہوئیں	9	16	76-4	135	آرداؤنی، 1996
یوگینڈا کمپالا	ہائی اسکول کے طلبہ	14-17	کبھی حاملہ ہوئیں	2-6	25-7	75-8	موجود نہیں	میتھیاس، 1993
چائنا شنگھائی	شادی ہونے والی لڑکیوں کا جسمانی صحت کا معائنہ کرنے کے لیے اسپتال جانا	21-26	کبھی حاملہ ہوئیں	40	موجود نہیں	90	زیر مطالعہ نہیں آیا	گاؤ، 1998

کوریا ایکسپورٹ پروڈوشن زون	ایکسپورٹ پروڈوشن زون میں کام کرنے والی لڑکیاں	>19-29	کبھی حاملہ ہوئیں	37	12-9	88 10	زیر مطالعہ نہیں آیا	کون تا کیون، 1994
کوریا کوانجو	ہائی اسکول کے طلبہ	15-29	کوئی اسکول میں دوست حاملہ ہوئی	21	موجود نہیں	موجود نہیں	موجود نہیں	گیون، 1996
کوریا سول	یونیورسٹی کے طلبہ	14-24	کبھی لڑکی جنسی دوست حاملہ ہوئی	زیر مطالعہ نہیں آیا	9-11	9-12	11	جان وون لم
فلپائن ڈوماگیٹ سٹی	کالج کے طلبہ	15 - 24	کبھی لڑکی جنسی دوست حاملہ ہوئی	6	موجود نہیں	موجود نہیں	موجود نہیں	کیڈلینا، 1998

ویتنام ہنوئی، ہوچی منہ	کالج کے طلبہ	15-24	کبھی لڑکی جنسی دوست حاملہ ہوئی	11 13	0	100	8-14	وولکائی سنر، 1996
ارجنٹائن چوبوت	نوبالغ تولیدی صحت کے لیے اسپتال جاتی ہیں	13-19	کبھی حاملہ ہوئیں	27	62-15	24	8	پینٹلائیڈز، 1991
ارجنٹائن بیونس آئرس	طلبہ	14-20	کبھی لڑکی جنسی دوست حاملہ ہوئی	3	0-16	100 17	2-18	مینڈریاز، 1995
پیرو لیما،	رات کے کلبوں میں جانے والی لڑکیاں	10-24	کبھی لڑکی جنسی دوست حاملہ ہوئی	24	54	38-19	9-20	ویلانووا، 1992

پیرو لیما کسکو، ایکیٹو	اسکول میں جانے والے اور نا جانے والے نو بالغ طلبہ	13-19	کبھی لڑکی جنسی دوست حاملہ ہوئی	8-22 21	40-93 22	50-86 23	3-5 24	آلارکون اور کوزلیہ 1996
پیرو سان مارٹن ڈی پورس	رات کے کلب میں جانے والی لڑکیاں	10-19	کبھی لڑکی جنسی دوست حاملہ ہوئی	4	63 25	38-26	زیر مطالعہ نہیں آیا	راڈرگز لے 1997

غیر محفوظ جنسی عمل کے نتائج۔ غیر مطلوبہ حمل

1۔ بوٹسوانہ: %72 لڑکیوں نے بتایا کہ ان کی دوست غیر مطلوبہ حمل سے ہوگئی تھی۔ (کوزیڈنی 1997)

2۔ موجود نہیں۔

3۔ زیر مطالعہ نہیں آئے۔

4۔ %49 نے بتایا کہ انہوں نے حمل ضائع کیا ہے۔

5۔ ان قسم کے حمل سے %69 کو ضائع کرادیا گیا۔ %17 زندہ بچوں کو جنم دیا گیا۔ %2 کا ضائع ہوا اور باقی %12 کے مرد دوست کو پتہ نہیں تھا کہ حمل کیا ہوتا ہے اس کا نتیجہ کیا ہوگا۔

6۔ تھوڑی تعداد 200 میں سے 4۔

7۔ تھوڑی تعداد 4 میں سے 1۔

8۔ تھوڑی تعداد 4 میں سے 3۔

9۔ تھوڑی تعداد 43 میں سے 5۔

10۔ تھوڑی تعداد 43 میں سے 38۔

11۔ تھوڑی تعداد 11 میں سے 1۔

12۔ تھوڑی تعداد 11 میں سے 10۔

13۔ تھوڑی تعداد 19 میں سے 2۔

14۔ تھوڑی تعداد 18 میں سے 9۔

15۔ دوسری 14 حاملہ خواتین۔

16۔ تھوڑی تعداد 4 میں سے 0۔

17۔ تھوڑی تعداد 4 میں سے 4۔

18۔ زیر مطالعہ نہیں آئے، 5 میں سے 3 نوجوان مردوں کا کہنا تھا کہ حمل کو چھپایا گیا یا ضائع کردیا گیا۔

19۔ تقریباً %8 نے قرار کیا کہ انہوں نے حمل ضائع کیا ہے۔

20۔ %35 نوجوان مردوں کا کہنا تھا کہ غیر مطلوبہ حمل کی وجہ سے %9 حمل کو ضائع کیا گیا۔

21۔ لیمہ %8، کسکو %12 اکیٹو %22۔

22۔ لیمہ %93، کسکو %40 اکیٹو %53۔

23۔ لیمہ %86 کسکو %50 اکیٹو %47۔

24۔ %33-65 نے بتایا کہ غیر مطلوبہ حمل کو ضائع کیا گیا جبکہ %33-35 نے حمل کو جاری

رکھنے کا اقرار کیا۔

25۔ تھوڑی تعداد 8 میں سے 5۔

26۔ تھوڑی تعداد 3

جو لوگ حمل کو ضائع کرنے کے لئے تیار ہوتے ہیں۔ وہ مانع حمل کے طریقے مستقل طور پر استعمال نہیں کرتے یا وہ صحیح طریقہ استعمال کرنا جانتے نہیں ہیں۔ وہ عام طور پر جنسی عمل ایک روایتی طریقے سے کرتے ہیں۔ کوریا میں ایکسپورٹ زون میں کام کرنے والی نوجوان لڑکیوں کا کہنا تھا کہ وہ کبھی عزل اور ردھم بھی کیا کرتے تھے۔ (تو ہانی وان 1994)۔ یہ بھی رائے پائی گئی کہ مانع حمل کے طریقوں کا غلط استعمال عورت کو کمزور کر دیتا ہے ایسے کیسز بھی سامنے آئے جس سے پتہ چلتا ہے کہ نوجوان مانع حمل کے طریقوں سے کس قدر نا آشنا ہے۔ تنزانیہ کی دار الخلافہ، دار السلام سے ضائع حمل کرنے والی لڑکی نے کہا کہ انہوں نے کبھی میلاپ کرنے سے پہلے کبھی بعد میں گولیاں کھائیں نہیں۔

تنزانیہ دار السلام اور فیلا ڈلفیا ئن میں کی گئی کیس اسٹڈیز سے ظاہر ہوا ہے 88% نوجوان ہو جاتے ہیں جن کو مانع حمل اور حمل کے بعد کی باتوں کی کوئی خبر نہیں ہے۔ اس تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ نوجوان مردوں کی ان عورتوں سے عمریں بڑی ہیں۔ جن کے ساتھ وہ میلاپ کرتے ہیں۔ عورتوں کی عمریں 20-30 سال ہوتی ہیں وہ یہ کہتی ہیں کہ انہوں نے ایک دفعہ میلاپ کیا ہے۔

حاملہ نوجوان خواتین کو اسقاط حمل کے کئی طریقوں سے نا آشنا ہیں

میکسیکو سٹی کی ایک پبلک اسپتال میں نوجوان حاملہ عورتوں کا مشاہدہ کیا گیا۔ 72% تعداد ایسی نوبالغ نوجوان لڑکیوں کی ملی جنہیں غیر مطلوبہ حمل تھا۔ جو کے 2,3 دفعہ ضائع کرانی کی کوششوں

کے باوجود ضائع نہ ہو سکا۔ جب ان کے کسی دوست کی حمل ضائع کرنے کی کوشش کامیاب ہو جاتی تھی، تو گروپ کے دوسرے ارکان نے دوبارہ ضائع کرنے کی کوشش اپنے تک محدود رکھی۔ عام طور پر سخت قسم کے انجکشن لگوائے گئے یا گولیاں کھائی گئیں۔ یہ دیکھنے میں آیا کے کامیاب حمل ضائع کرنے کی کوشش ناکام رہیں۔ مثال کے طور پر 4 میں سے دو حاملہ لڑکیوں کے کیس اسٹڈی کمپالا یوگنڈا سے لی گئی۔ جن میں ایک لڑکی نے حمل ضائع کیا (میتھیاس 1993)۔ ریپبلک کوریا کی ایکسپورٹ پروموشن زون میں کام کرنے والی پہلی حاملہ ہونے والی خواتین کی 13% کو غیر مطلوبہ حمل تھا۔ کیوبا کے مختلف علاقوں میں 20% خواتین کو غیر مطلوبہ حمل تھا (لوپز 97-1997)۔

چلی کے شہر سانتیا گو سے ایسی عورت کی کیس اسٹڈی ملی جس کو 3 ہسپتالوں سے لیا گیا تھا۔ جس سے پتہ چلا کہ جو 23% عورتیں حمل ضائع کرنا چاہتی ہیں، ان میں کم سے کم ایک نے پہلے بھی حمل ضائع کیا ہے

اسقاط حمل کے بعد کے مسائل

جو کیس اسٹڈیز میں شواہد ملے ہیں۔ ان سے پتہ چلتا ہے کہ جو نوجوان اسقاط حمل چاہتے ہیں۔ ان میں نوبالغ جوڑوں کو زیادہ مزاحمت و مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بڑوں کے مقابلے میں کچھ اسقاط حمل کے واقعات کو جمع کیا گیا۔ اور اس سے نتائج نکالے گئے۔ جیسا کہ میکسیکو اور تنزانیہ سے تنزانیہ میں زیر مطالعہ آئے ہوئی کیس اسٹڈیز سے پتہ چلتا ہے کہ 15-24 سال کی نوجوان لڑکیوں کو اسقاط حمل کے بعد کافی مسائل سامنے آئے ہیں۔

اسی طرح یوگنڈا میں 3 کیسز سامنے آئے، جو ایک اسقاط حمل کے بعد شدید مسائل سے دوچار تھے۔ یہ بھی دیکھا گیا کہ جن ممالک میں اسقاط حمل کو جرم نہیں سمجھا جاتا وہاں پر بھی شرم اور کم علمی کی وجہ سے نوجوان عورتیں حمل کو برقرار رکھتی ہیں۔ کوریا کے ایکسپورٹ زون میں کام کرنے والی

خواتین تحقیقی انٹرویو میں آئیں۔ ان کی 5 میں 2 کی تعداد ایسی تھی جو حمل ضائع کرنے کے بعد مسائل کا شکار ہوئیں۔ ایسی بھی نوجوان حاملہ لڑکیاں کی میکسیکو اور سانتیا گو چلی سے مثالیں آئیں ہیں۔ جنہوں نے اپنے آپ کو حاملہ ہونے کے عمل کو اپنے لئے جرم قرار دیا ہے۔ یہ کیس اسٹڈیز یہ بھی ظاہر کرتی ہیں کہ یہ عورتیں نہ صرف حاملہ ہونے پر نالاں ہیں۔ بلکہ انہوں نے جو جنسی تعلقات قائم کئے تھے ان کے بعد عام عورت کی طرح حمل کو ضائع کرنے کے طریقے نہ استعمال کیے تھے وہ اس بات پر بھی شرمندہ ہیں۔ عام طور پر دیکھنے میں آیا کہ حاملہ لڑکی سخت پریشانی و تذبذب کا شکار تھی کیونکہ اس نے حمل ضائع کیا یا کرنے کی کوشش کی تھی۔

غیر مطلوبہ حمل کو روکنے میں خاندان کی مدد

ہر جگہ یہ دیکھا گیا کہ خاندان کی طرف سے غیر مطلوبہ حمل کو روکنے میں مختلف نوعیت کا کردار رہا ہے۔ دو ایسی کیس اسٹڈیز تھیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ غیر مطلوبہ حمل کے بارے میں مختلف سوچ ہے۔ اس قسم کا پتہ ایک ایسی کیس اسٹڈی سے چل سکتا ہے۔ جو شادی سے پہلے حاملہ لڑکی کی ہے۔ جس کی شادی ہونے والی تھی اور اس کو پہلا حمل ہوا تھا۔ اس کے بارے میں آپ کو مختلف آراملیں گیں۔

چائنہ کی شنگھائی عورت سے اگر ایسا مندرجہ بالا کیس سرزرد ہو جائے تو 13% والدین ہمدردی کرتے ہیں 4% کا رویہ مختلف ہوتا ہے۔ 31% کو عجیب ہوگا اور 11% کو غصہ آئے گا۔ عام حالت میں نہ دوست نہ ساتھی زیادہ طور پر مددگار ثابت ہوتے۔ 18% سے 21% دوست یا ساتھی ہمدردی کرتے ہیں (گاؤ 1998)

کیوبا کی اسپتال سے کی گئی کیس اسٹڈیز سے پتہ چلا کہ 80% والدین اس مقابلے میں مددگار اور ہمدرد ہیں۔ وہ اپنی بیٹیوں کو مزید پڑھنے یا بچے کو سنبھالنے کے لئے موقع دیتے ہیں۔

کچھ کیس اسٹڈیز سے پتہ چلا کہ غیر مطلوبہ حمل کے بارے میں کیا سوچ ہے۔ ہم ایک چائنہ

کی کیس اسٹڈی کا جائزہ لیتے ہیں۔ اس میں ایک نوجوان خاتون کے بارے میں بات کی۔ بلکہ 2/5 یعنی 38% خواتین کو یا تو گھر سے اجازت نہیں ملتی یا تو وہ گھر والوں کو بتانے میں شرم محسوس کرتی ہیں۔ جب کوریا کے ہم ایکسپورٹ زون میں کام کرنے والی لڑکیوں کا نام لیتے ہیں تو وہاں کی رپورٹ یا گھر والوں سے حمل ضائع کرنے کا مشروط کیا ہے باقی 11% نے مرد ساتھی سے ہی مشورہ کیا ہے۔ (وون تاج ہورن) لیمہ پیرو میں رات کے کلب میں کام کرنے والی خواتین کی 6% لڑکیوں اور 3% مرد ساتھیوں نے حمل ضائع کرنے کے لئے والدین یا گھر والوں سے صلاح مشورہ لیا ہے (ولا توا 1992)۔ گھر والوں کی مدد مختلف جگہوں پر مختلف رہی ہے۔ میکسیکو سٹی کی ایک لڑکی جو کہ حاملہ رہ چکی تھی، کا کہنا تھا کہ اسقاط حمل کے بارے میں فیصلہ کرنا بھی یکطرفہ ہوتا ہے۔ کیوں کہ حاملہ لڑکی یا اسکے ساتھی کو فیصلہ سازی میں شامل نہیں کیا جاتا ہے۔ اگر لڑکی حمل ضائع کرنا نہیں چاہتی ہے تو اسے مجبور کیا جاتا ہے۔ اسی طرح اگر وہ حمل ضائع کرنا چاہتی تو بھی اسے مجبور کیا جاتا۔ اس اہم فیصلے میں دوست بھی شامل نہیں کیے جاتے (ارن فیلڈ 99-1994)

محفوظ اسقاط حمل میں گھر والوں کا اہم کردار ہوتا ہے۔ اگر گھر والے دلچسپی نہ لیں یا یکطرفہ فیصلہ کریں گے۔ تو غیر محفوظ اسقاط حمل ہوگا۔ جس کی منفی اثرات ہونے کے زیادہ چانسز ہوتے ہیں۔ میکسیکو سٹی میں کئی حاملہ نوبالغ حمل ضائع کرنے کو ترجیح دیتے ہیں تا کہ وہ بھی مالی فوائد حاصل کر سکیں اور خاندان کی مالی مدد میں محتاط رہیں۔

باب پنجم

جنسی میلاپ: غلط فہمیاں اور ان کے ذرائع:

جنسی میلاپ: غلط فہمیاں اور ان کے ذرائع

اس موضوع کے اعتبار سے جنسی تعلقات کی نوعیت جاننے کیلئے جتنے بھی ذرائع استعمال کئے ان میں سے یہ دیکھنے کی کوشش کی گئی کہ جنسی و تولیدی صحت کے بارے میں نوجوانوں کو کتنی معلومات ہے اور اس معلومات کے ذرائع کونسے ہیں۔ کچھ سوالات ایسے کئے گئے تھے کہ جن میں عام رواجی سوالات پوچھے گئے تھے، جیسا کہ مانع حمل کے طریقوں کے نام بتائیے یا جنسی و تولیدی بیماریوں کے نام بتائیے۔ جس کا مطلب صرف یہ تھا کہ کس قسم کے خدشات، شکوک، شبہات اور غلط فہمیاں نوجوانوں کے ذہنوں میں جنسی صحت متعلق گردش میں ہیں یا نوجوانوں کو کتنی گہری معلومات ہے۔ دیکھا گیا کہ محفوظ جنسی عمل کے لئے طور طریقوں کے بارے میں بہت سارے خدشات ہیں۔ جب جنسی صحت کی معلومات کے ذرائع کے بارے میں دیکھا گیا تو پتہ چلا کہ یہ غیر رسمی طور پر نوجوان معلومات حاصل کرتے ہیں۔ ہم اس باب میں ان تمام غلط فہمیوں کا ذکر کریں گے جو کہ محفوظ جنسی عمل سے روکتی ہیں۔ اور نوجوانوں کے ذہنوں میں گردش کر رہی ہیں۔

عام طور پر نوجوان کو جنسی صحت متعلق پیغام ایک معلومات پہنچانے کی طرز پر یا تعلیمی پروگرام کے طرز پر مہیا کی جاتی ہے۔ جس میں سماجی قوانین اور معمولات کا خیال رکھا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ڈر ہوتا ہے کہ کہیں ہماری آنے والی نسل بے راہ روی کا شکار نہ ہو جائے۔ یہی ایک بنیادی وجہ ہے کہ محفوظ جنسی عمل کا پیغام لفافے میں بند کر کے دیتے ہیں، جس کا اصل مقصد حاصل نہیں ہوتا۔ اس پس منظر میں سائنسی یا تکنیکی اصولوں اور قوانین کے مطابق مہیا کردہ جنسی معلومات کو سمجھنے کے لئے پڑھا لکھا معاشرہ ہونا چاہئے، جو کہ ترقی پذیر معاشروں میں مشکل ہے۔

عام طور پر محفوظ جنسی عمل کا پیغام عالمی نوعیت کے ہوتے ہیں جس میں نوجوان کے محفوظ جنسی عمل کے بارے میں تمام سوالات کے جوابات نہیں ملتے۔ اس کے برعکس نوجوان مزے لیکر پڑھتا

ہے، وہ چاہتا ہے کہ وہاں کے نوجوان آزاد ہیں، ماں باپ اور معاشرہ ان کو ان کی جنسی ضرورت کو پورا کرنے کی اجازت دے رہا ہے، مطلب کہ نوجوان میں ابھار پیدا ہوتا ہے کہ ہم کو ہمارے حقوق نہیں مل رہے ہیں۔یا وہ ایسی حرکتیں کرنے لگتا ہے جس سے اس کے معاشرے کی اقدار کو ٹھیس پہنچتی ہے۔جس کی وجہ سے محفوظ جنسی عمل کے بارے میں بنیادی معلومات کے ساتھ ساتھ وہ شکوک و شبہات میں گھرے رہتے ہیں۔یہ غلط فہمیاں پرخطر رجحانات کو جنم دیتی ہیں۔اس حقیقت کو مختلف ممالک کے نوجوانوں کی آپ بیتی کہانیوں سے مزید جاننے کی کوشش کرتے ہیں، ساتھ میں ہم یہ بھی دیکھیں کہ ہمارے نوجوان اس سے کتنے بچے ہوئے ہیں، وہ کتنا جانتے ہیں۔ہم بحیثیت انسان اور والد، والدہ کے کیا کردار ادا کریں۔

آیئے کچھ کیس اسٹیڈیز کا مطالعہ کرتے ہیں جس سے اوپر ذکر کی گئی باتوں کا جائزہ لینے کا مواد ملےگا کہ وہ کہاں تک حقیقت کے قریب ہیں۔

ا۔ عام غلط فہمی

عام طور پر سمجھا جاتا ہے کہ پہلے جنسی میلاپ سے عورت حاملہ نہیں ہوتی یا اتفاقی حادثاتی جنسی عمل سے حاملہ نہیں ہوتی ہے۔ پہلا جنسی عمل کرتے وقت تمام محفوظ جنسی عمل کرنے کے طریقوں کو بالائے طاق رکھا جاتا ہے۔جس میں ڈر اور چاہت چھپی ہوئی ہوتی ہے۔انجانا پن اور معصومیت ہوتی ہے۔انتہائی صبر کے بعد آرزو کی تکمیل ہوتی ہے۔ایسے پس منظر میں نوجوان ہر خطرہ کو قبول کرلیتا ہے۔یہاں پر بزرگوں کا کردار ہے کہ وہ نوجوان کو جنسی میلاپ کے بارے میں باخبر رکھیں، اپنے اچھے برے تجربات شیئر کرائیں، اپنی معاشرتی اقدار کو دوسرے معاشروں سے ہم آہنگ کریں۔نوجوان کے موجودہ حالات کو بزرگان اپنے دور کے ساتھ موازنہ نہ کرائیں۔وقت اور حالات کے پیش نظر نوجوان کی جنسی سمجھ بوجھ میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں۔

دیکھئے نوجوان اگر نہیں سمجھتا کہ اس کی پہلے جنسی عمل سے حمل نہیں ٹھہرےگا، تو وہ کئی جنسی غلطیاں کرسکتا ہے۔اس غرض سے جتنے بھی نوجوانوں کو زیر مطالعہ لایا گیا تھا ان میں حاملہ ہونے یا حاملہ نہ ہونے کے چانسز کے اوقات کے بارے میں معلومات برائے نام تھی۔یہی صورتحال مرد اور خواتین جو تعلیم یافتہ تھے۔ان میں بھی کم تھی جب آپ ٹیبل 9 کا مطالعہ کریں گے تو پتہ چلےگا کہ نوجوان مرد اور عورتوں میں یہ تاثر ہے کہ پہلی دفعہ کے جنسی میلاپ یا حادثاتی طور پر جنسی میلاپ ہونے سے حمل نہیں ٹھہرتا۔

انڈونیشیا کے 13صوبوں سے کی گئی سروے سے یہ ظاہر ہوا کہ 9-13 % مرد اور 6-7% عورتوں کا خیال تھا حمل کا ٹھہرنا صرف جسمانی خوشی سے ہے۔

۲۔ غبارے غیر محفوظ ہیں۔

جنسی میلاپ کے دوران غباروں کے استعمال کے بارے میں کافی اچھی معلومات ہے۔نوجوان بخوبی آگاہ ہیں کہ غبارے، گولیاں، عزل وغیرہ مانع حمل کے موثر طریقے ہیں۔اتنی معلومات ہونے کے باوجود نوجوانوں میں غبارے کے استعمال کے بارے میں کئی شکوک جنم لیتے ہیں۔جب آفریقہ کا نوجوان غبارے کے استعمال سے متعلق ایسے تحفظات کا اظہار کرتا ہے کینیا کے نوجوان غبارے کے استعمال کو محفوظ جنسی عمل کا نام دے رہے تھے اور کئی غبارے بنانے والی کمپنیوں کے ناموں سے بھی واقف تھے۔لیکن اس معلومات کے ساتھ خدشات بھی سامنے آرہا تھا کہ HIV کا وائرس حد سے زیادہ چھوٹا ہے۔اسی بات سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ نوجوان سمجھتے ہیں کہ HIV بہت ہی چھوٹا ہے جو غبارے کا پھٹنے، گیلے ہونے یا سیم کرجانے سے ایک دوسرے کو منتقل ہوسکتا ہے۔یہ بھی خدشات سامنے آئے کہ غبارہ بیضہ دانی میں کچھ دیر اندر رہتا ہے جس سے بھی جراثیم منتقل ہوسکتا ہے۔35% شہری خواتین اور مرد، 56% دیہی خواتین و مردوں نے غبارے کے استعمال کو محفوظ قرار

دیا ہے۔ نائجیریا کی یونیورسٹی کے 17% خواتین اور 24% مردوں کا کہنا تھا کہ غبارے کو عورت کے خاص عضو میں چڑھا ہونا چاہیے۔ بوٹسوانا کے زیر مطالعہ آنے والے نوجوانوں کا ماننا تھا کہ غبارہ عورت کے خاص عضو میں اتر جاتا ہے۔

Table 9

ملک	نمونہ	عمر کی حد	عورتیں	مرد	ذرائع
یوگینڈا کمپالا چائینا شنگھائی	نوجوان	14-17 15-29	42 1 28	Ns2	ماتھیاس 1993 گاؤ 1998
ارجنٹینا بیونس آئیرس	نوجوان	13-19	16	19	مینڈیز ریز ایجلس اٹ ال 1995
پیرو لیما	(98% غیر شادی شدہ) نوجوان جو رات کے کلبوں میں جاتے ہیں	10-24	623	522	ویلا نیووا 1992
پیرو لیما کسکو ایکویٹوس		12-19	623	522	الارکون اور کورزالیس 1996

نوجوانوں سے پوچھا گیا کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ایک شخص جنسی وبائی بیماری میں یا HIV میں مبتلا شخص کو دیکھا ہے؟ تا کہ ان کی معلومات کی سطح کو پرکھا جائے۔

اس غرض سے پوچھے گئے سوالات جوابات سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ نوجوانوں کو جنسی وبائی بیماریوں اور HIV کے کے بارے کتنی معلومات ہے یہ دیکھا گیا ہے کہ نوجوان کو HIV اور STD کے الفاظ کے بارے میں جانکاری تھی۔ یہ کیسے پھیلتے ہیں، پھیلنے سے کیسے روکا جائے کے بارے میں محدود معلومات تھی۔

80% جواب دہندہ جن کا تعلق چائنہ، کوئی مالا، انڈونیشیا، کینیا، نائجیریا، پیرو، اور تھائیلنڈ سے تھا ان کو HIV یا STD کے نام تک تو معلومات تھی باقی ان کو مزید کچھ معلوم نہیں تھا۔ ایک عام بلکہ خطرناک غلط فہمی یہ بھی پائی گئی کہ جو شخص جنسی وبائی بیماری کا شکار ہوگا اس شخص کی ظاہری جسمانی حالت سے اس قسم کی نشانیاں ظاہر ہوں گی۔ جس سے اندازہ ہو جائے گا کہ اس شخص کے ساتھ جنسی میل میلاپ نہ رکھا جائے

اس بارے میں نوجوان کافی پر اعتماد تھے کہ کوئی مشکل نہیں جنسی وبائی بیماری سے متاثر شخص کو آسانی سے پہچانا جا سکتا ہے۔ ایک نوجوان جس کا تعلق کم آمدنی والے ارجنٹائن کے ایک علاقے سے تھا جس نے با آسانی کہا کہ جنسی وبائی بیماری والے شخص کی پہچان کیا مشکل کام ہے یہ شخص پتلا دبلا ہوگا یہ بہت ہی کمزور ہوگا کیوں کہ وہ بیماری کے جرثومے لیکر گھوم رہا ہے۔ جبکہ نائجیریا، ہوچی منہ، ویت نام کے نوجوانوں کی حالات زندگی کے بارے میں پوچھے گئے سوالات سے ظاہر ہوا کہ 81% مرد 86% عورتیں HIV,STD کی علامات کو جانتے ہیں۔ ایک اور عجیب قسم کی غلط فہمی دیکھی گئی کہ نوجوان سمجھ رہے تھے کہ جنسی وبائی مرض خود بخود اپنا وقت پورا کرنے کے بعد ختم ہو جاتا ہے۔ اس قسم کے رجحانات کی شرح مندرجہ ذیل ہے۔ 22% یوگنڈا 7% اور 12% مرد اور خواتین ہوچی منہ اور ویت نام میں اس خیال کے نوجوان پائے گئے

۳۔عام نوجوان کا خیال تھا کہ عورتیں ہی STI's اور HIV پھیلانے کی وجہ ہیں۔

یہ بھی تاثر دیکھا گیا کہ جنسی وبائی بیماریاں یا HIV کا جراثیم پھیلانے کے ذمہ دار خواتین ہی ہیں۔ ہم یوتھ آرکس کے نوجوان کے تاثرات کو دیکھتے ہیں جس میں وہ کہتا ہے عورت ہی واحد سبب ہے جس سے جنسی وبائی بیماریاں اور HIV پھیلتا ہے۔ کیونکہ عورت مرد کو بیمار ہوئے بغیر خطرناک جراثیموں میں منتقل کر سکتی ہے جو کہ مرد پر جلدی اثر انداز ہوتے ہیں۔ اور اس کی موت کا باعث بن سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عورت اپنا تحفظ کر سکتی ہے، کیونکہ وہ جانتی ہے کہ وہ متاثرہ ہے۔ نوجوان کا مزید کہنا تھا کہ عورت جنسی میدان میں مرد سے طاقتور ہے۔ اسلئے اس کو چاہیے کہ وہ STI اور HIV کے روکنے میں اپنا کردار ادا کرے۔ نوجوانوں کا یہ بھی خیال تھا کہ صفائی نہ رکھنے والی خواتین بھی اس قسم کی بیماری پھیلانے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں۔ وہ اپنے خاص عضو کو صاف نہ رکھنے کی وجہ سے مرد کو متاثر کر سکتی ہیں بعض دفعہ ایک دفعہ سے زیادہ میلاپ کرتے ہیں اور خاص عضو کو دھویا نہیں جاتا ہے، جس سے بھی بیماری پھیلنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

کچھ آپ بیتی کہانیوں سے اندازہ لگایا گیا کہ HIV/STD کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے اچھی صحت کو برقرار رکھنا لازمی ہے۔ نائجیریا کہ یونیورسٹی کی 19% طلبہ نے کوئی مالا کی 44% خواتین اور مردوں، 65% کوریا کے نوجوانوں کا ماننا تھا کہ مانع حمل کے طریقے جنسی وبائی بیماریوں سے بچانے کے واحد تسلیم شدہ ذرائع ہیں

نوجوانوں نے بتایا کہ HIV اور STD سے ذاتی طور پر صفائی ستھرائی رکھنے سے بچا جا سکتا ہے اور Aids کا دواؤں سے علاج کیا جا سکتا ہے۔

نوجوانوں نے یہ بھی بتایا کہ جنسی عمل کے بعد دواؤں یا اینٹی بایوٹک کے استعمال سے HIV یا STD سے بچا جا سکتا ہے۔ نائجیریا کی خواتین و مرد کی تعداد بالترتیب 7% اور 5% اور 40% کوریا کے نوجوانوں کی تعداد و تھائی کے 15% نوجوان اس بات کے قائل تھے

۴۔ HIV/STD روزمرہ کے تعلقات سے پھیلتے ہیں:۔

نوجوانوں کی ایک خاص تعداد اس عجیب و غریب بات کی قائل تھی کی روزمرہ کی اشیاء کے تبادلے سے HIV/STD پھیلتے ہیں جیسا کہ چشمے کے تبادلے، کھانے، پینے کے برتن ایک ہی غسل خانے کا استعمال، مچھروں کے کاٹنے اور کم خوراک کی وجہ سے HIV/STD جنم لیتے ہیں اور پھیلتے ہیں۔

انڈونیشیا کے 13 صوبوں کے 37% نوجوانوں کا خیال تھا کھانے پینے کی چیزوں کا مشترکہ استعمال یعنی متاثرہ شخص اور غیر متاثر شخص کریں گے تو HIV/STD پھیل سکتا ہے۔ یہی خیال 56% کوریائی 70% چین کے نوجوان 82% متاثر افراد جن کا تعلق دہلی سے تھا ان کا بھی یہی خیال تھا۔ متاثرہ شخص کے زیر استعمال باتھ روم کو استعمال کرنے سے HIV/STD پھیلنے کی زیادہ نوجوان نے بات کی جنوبی اور ہوچی منہ کے 4% اور 6% نوجوانوں نے بات کی۔ چلی اور تھائی لینڈ کے ورکرز 13% اور 26% اور اس طرح ہوچی منہ کے 4% اور 6% اور اسی طرح ہوچی منہ، ویتنام اور ریو کے نوجوانوں کی ایک تعداد کا کہنا تھا کہ اگر متاثرہ شخص کے زیر استعمال باتھ روم کو استعمال کیا گیا تو ممکن ہے کہ HIV/STD کا خطرہ لاحق ہو جائے، بالکل اسی طرح نوجوانوں کا خیال تھا کہ بوسہ لینے سے ایک دوسرے کو چھونے سے یا ایک ہی کمرے کے استعمال سے HIV/STD کا خطرہ بڑھ سکتا ہے

۵۔ مجھے کچھ نہیں ہوا میں ایسے کرتا ہوں کچھ نہیں ہوتا۔

نوجوان اپنے آپ کو ان تمام جنسی صحت سے ملحقہ خطرات کو جاننے کے باوجود ان خطرات سے کھیلتے ہیں۔ جن کی وجہ سے HIV/STD کا پھیلاؤ ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ نوجوان محتاط رہتے ہیں وہ اپنے جنسی عادات و ضروریات کو دوسروں کے ساتھ شیئر نہیں کرتے۔

آپ بیتی کہانیوں کی کثیر تعداد اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ نوجوان کتنے خطرات کو مول لے

رہے ہیں۔ تین میں سے ایک یا اس سے بڑھ کر سوچا جائے تو پانچ میں سے ایک نوجوان کو جنسی معلومات کی ضرورت تھی۔ نیپال کے ایک سرحدی شہر سے کئے گئے سروے سے ظاہر ہوا ہے کہ 52% لوگوں میں سے 38% لوگ اپنے گھروں کو گئے اور انہوں نے جنسی میلاپ کے وقت غبارے کا استعمال نہیں کیا۔ یہی تعداد ان لوگوں کی ہے جنہوں نے جنسی میلاپ اپنے جنسی ساتھی سے نہیں بلکہ حادثاتی طور پر ملنے والے ساتھی کے ساتھ کیا۔

بالکل اسی طرح کسا نجیریا کی یونیورسٹی ایک طلبہ کی آپ بیتی ہے۔ جن میں 21% مرد اور 38% خواتین کو Aids کے ہائی رسک لیول پر رکھا گیا ہے۔

چلی کی ایک کیس اسٹڈی سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ صرف 20% لوگوں نے غبارے کا استعمال کیا ہے اور تھائی لینڈ کے مزدوروں کو بھی اسٹڈی میں شریک کیا گیا تھا۔ جن میں 14% محفوظ جنسی عمل کے طریقے استعمال کر رہے تھے اور 9% غیر محفوظ جنسی عمل سے گذر رہے تھے۔ نئی دہلی کی ہسپتالوں سے STI مریضوں سے سوالات سے اندازہ لگایا گیا تو پتہ چلا ان کو HIV کے جراثیموں سے خطرہ ہے۔

غلط فہمیوں کے اسباب

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ سرسری معلومات ہونے کے باوجود یہ فرق کیوں ہے۔ ایک تو بڑا سبب یہ ہے کہ جنسی طور پر سرگرم ہونے والے افراد کی آپس میں تعلقات کی نوعیت ہے۔ بہت سے نوجوان ایک سے زیادہ جنسی ساتھی رکھنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ بعض جگہوں پر جنسی ساتھی ایک دوسرے کے وفادار ہوتے ہیں وہ یہ خیال نہیں کرتے کہ متاثرہ جنسی دوست سے دونوں کی زندگی جائے گی۔ وہ اس بات کی پرواہ نہیں کرتے بعض کیسز میں یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ ایک دوسرے سے جنسی امراض چھپائے جاتے ہیں۔ جنسی امراض بتانے سے کمزوری تصور کیا جاتا ہے۔ اور ساتھی کے بچھڑنے

کا ڈر ہوتا ہے۔ یہ بھی خوف ہوتا ہے کہ دوسرا جنسی ساتھی ملے گا کہ نہیں۔

ایک نیپال کے ڈرائیور کا کہنا تھا کہ اسے کوئی خطرہ نہیں وہ صاف ستھرے جنسی ساتھی کے ساتھ میلاپ کرتے ہیں۔ اس لئے اس کو غبارے کی کوئی ضرورت نہیں ہے اس نے مزید کہا کہ جنسی ساتھی کا وہ اپنے مرضی سے انتخاب کرتے ہیں لہذا اس کو کوئی ضرورت نہیں ہے کہ وہ HIV/STD سے بچنے کی تدابیر کا استعمال کرے بعض نوجوان سمجھتے ہیں کہ HIV یا STD مخصوص گروہ کے لوگوں کو ہوتا ہے۔

بیونس آئرس، ارجنٹائن کے نوجوانوں کی ایک کثیر تعداد کا خیال تھا کہ ہم جنسی میلاپ سے یا تھوک سے HIV/STD پھیلتے ہیں۔ انہوں کا کہنا تھا کہ اگر ایک سگریٹ میں خطرہ موجود رہتا ہے تو وہ کتنے خطرات سے بچیں۔ نوجوانوں نے عجیب و غریب باتوں کا عندیہ دیا۔ کئی باتیں بحث مباحثے سے ظاہر ہوئیں، جیسا کہ ایک ارجنٹائن کے نوجوان نے دل شکستہ ہو کر کہا کہ۔

ایک آدمی کہاں تک محتاط رویہ اختیار کر سکتا ہے جب کہ اس کو کیا پتہ کی جنسی ساتھی ایک HIV متاثر ہے۔ ایک جنسی دوست اگر متاثر ہے بھی تو کیا وہ اپنی کمزوری بتائے گا، اس کو ڈر ہوگا کہ وہ معاشرے سے کٹ کر رہ جائیگا۔ اس نے مزید کہا کہ ہم مانع حمل کے طریقے کیسے اپنائیں، ان میں جنسی لطف کم ہے۔ ہم بھلا عزل کیسے کر سکتے ہیں، جبکہ ہم جنسی خواہش پوری نہیں ہوتی، تو دونوں طرف سے راحت نہیں ملتی۔ نوجوان نے برملا کہا، بھلا جنسی عمل کے لیے بھی کوئی قید ہے۔ ہمارا ذہن ہی نہیں مانتا جب تک وہ پوری طرح جنسی لطف اندوز نہیں ہوں۔

نوجوانوں کے لئے معلومات کے ذرائع

اس کتاب میں جتنی بھی نوجوانوں کی صحت کے معاملے میں آپ بیتیاں لی گئیں تھیں۔ ان سے ظاہر ہو رہا ہے کہ جنسیت، حاملہ پن، زچگی، مانع حمل اور جنسی وبائی بیماریوں کے بارے میں

نوجوانوں کو بہت کم معلومات ملی ہے اس کے علاوہ والدین بھی اس قسم کی بنیادی معلومات نہیں فراہم کرتے۔ نوجوانوں صرف دوستوں کی مدد سے، میڈیا کی مدد سے جنسی صحت کی معلومات حاصل کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ نوجوان کو جنسی معلومات تک صحیح رسد نہیں ہے۔ 28% ایسی عورتیں جو پہلی دفعہ ماں بنیں ہیں، ان کا کہنا تھا ان کو جنسی صحت کے بارے میں معلومات مردوں سے حاصل کی ہے 32% نے دوستوں سے جانا کہ جنسی عمل کیا ہوتا ہے اور کیسے ہوتا ہے اور 13% نے میڈیا سے جنسی صحت کے بارے میں جانا۔

بڑی عمر کے افراد اور ہم جنسی بڑی عمر کے افراد جنسی معلومات کے بڑے ذرائع ہیں

مختلف کیس اسٹڈیز سے یہ بھی ظاہر ہوا کہ جنسی معلومات دینے کیلئے بڑی عمر کے فرد معلومات کے ذرائع ہیں۔ خاص طور پر ہم جنسی بڑی عمر والے فرد سنی سنائی باتیں اور اپنے تجربات چھوٹوں کو بڑھا چڑھا کر پیش کرتے ہیں، جس میں وہ اپنی جوانمردی اور جنسی کامیابیوں کا ذکر کرتے ہیں۔ 35% نوجوان لڑکیاں جو کہ آزادانہ طور پر بڑوں کے ساتھ کھل کر بحث مباحثہ کرتی ہیں۔ 90%۔ ہوچی منہ اور ویتنام کے نوجوانوں کا کہنا تھا کہ وہ اپنی جنسی و تولیدی صحت کے بارے میں بات چیت کر سکتے ہیں۔ بالکل اسی طرح کی بات انڈونیشیا کے 13 صوبوں میں کی گئی وہاں کے 74% مرد اور 65% عورتوں کا کہنا تھا کہ وہ اپنے بڑوں سے جنسی معلومات زبانی طور پر حاصل کرتے نہیں۔ جہاں پر 13% مرد اور 23% عورتوں کا ماننا تھا کہ وہ اپنے والدین سے جنسی معلومات حاصل کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ آئرلینڈ ممالک سے لی گئی معلومات سے بھی اس قسم کی معلومات ملتی ہے کہ وہ اپنے دوستوں یا میڈیا کی مدد سے جنسی معلومات سیکھتے ہیں۔ اس قسم کی صورتحال

سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ نوجوانوں کو کتنی جامع اور بامقصد جنسی معلومات ملتی ہے۔ ان کی معلومات کے ذرائع ایک طرف تو محدود ہیں اور دوسری طرف جذباتی ہیں۔ جہاں پر جنسی میلاپ کے عمل کو عیاشی کے طور پر لیا جاتا ہے کہ فلاں شخص کی بیٹی یا بیٹے کے ساتھ وہ جنسی عمل کر چکے ہیں۔
اس کے ساتھ ساتھ جنسی لذت کا عمل دخل ہے جنسی عمل کو فطری ضرورت کا درجہ کم دیا جاتا ہے بلکہ اسے جنسی لذت اور سماجی ناموس کا مقام دیا جاتا ہے۔ نوجوانوں میں یہ بات پائی جاتی ہے کہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ضائع حمل کے طریقے تو بوڑھے فرد استعمال کریں گے یا صرف بچوں کی پیدائش کو روکنے کیلئے غباروں یا گولیوں کا استعمال کیا جاتا ہے نوجوانوں کے اس قسم کے رویے انہوں محفوظ جنسی عمل کے بجائے پرخطر جنسی عمل کے طرف لے جاتے ہیں۔

نوجوان جنسی صحت کے مختلف پہلوؤں کو جاننے کے لئے مختلف معلومات کے ذرائع استعمال کرتے ہیں۔ نوجوان جب جنسی حمل کے لائق ہونے کی عمر کو پہنچتا ہے تو اسے مختلف خدشات ہوتے ہیں۔ اس صورتحال میں وہ کشمکش و پیچ میں رہتا ہے کہ وہ کیا کریگا۔ ان تمام باتوں کو کیسے منہ دے گا یا وہ پھر یہ سمجھتا ہے کہ وہ دنیا اور اس کی لذت کی تسکین کیسے ہوگی؟

ہوچی منہ، ویتنام، کی 70% خواتین اپنی ماں سے مشورہ کرتے ہیں۔ جبکہ 49% مرد اپنے ماں سے مشورہ کرتے ہیں جبکہ مردوں کی ایک کثیر تعداد اپنے گھر سے باہر کے لوگوں کے ساتھ جنسی و تولیدی مسائل کے بارے میں بحث کرتی ہے۔ 13% مردوں کے مقابلے میں 23% عورتیں جنسی و تولیدی مسائل کا حل جاننے کیلئے والدین پر بھروسہ کرتی ہیں۔ 65% مردوں کے مقابلے میں 74% عورتیں جنسی و تولیدی مسائل کا حل جاننے کیلئے اپنے دوستوں، ڈاکٹروں یا بڑوں پر بھروسہ کرتی ہیں۔ بالکل اسی طرح 44% مرد اور 47% عورتیں اپنے اساتذہ کو بہتر تصور کرتے ہیں کہ ان سے اپنی جنسی و تولیدی صحت کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔
نوجوان جنسی صحت کے بارے میں معلومات حاصل کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

یہ دیکھا گیا ہے کہ نوجوان جنسی صحت کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں۔ اس سلسلے میں وہ کئی ذرائع کا استعمال کرتے ہیں۔ بیونس آئرس، ارجنٹائن کی ایک کیس اسٹیڈی سے ظاہر ہوتا ہے کہ نوجوان عورتیں اپنے ماؤں سے جانتی ہیں۔ جنسی عمل کیا ہے اور اس کو کیسے ڈیل کیا جائے۔ جب کہ 84% خواتین زچگی، غیر مطلوبہ حمل کے ضائع کرنے اور اس کے مسائل اپنے والد سے، اسکول کے دوستوں اور بڑوں سے تولیدی و جنسی معلومات حاصل کرتے ہیں۔

ان تمام باتوں کے علاوہ میڈیا کا کلیدی کردار ہے۔ جو کہ جنسی معلومات کے علاوہ HIV/Aids کے بارے میں معلومات دیتا ہے۔ آپ اس بات کا اندازہ لگا سکتے ہیں کہ گوٹے مالا اور سندھائی کے نوجوانوں کی 70% سے زیادہ تعداد نے یہ کھلم کھلا اقرار کیا کہ ان کو HIV/Aids کے بارے میں معلومات ریڈیو اور T.V سے ملی ہے۔ چلی کے 25% نوجوانوں کا کہنا تھا کہ انہوں نے جنسی وبائی بیماریوں کے بارے میں بھی ریڈیو اور ٹی وی سے سنا ہے۔ آرٹے میں تک کے برابر بھی نہیں سننے کو ملا کہ نوجوان بولیں کہ انہوں نے جنسی معلومات یا HIV/Aids کے بارے میں اپنے معالج یا ڈاکٹر سے سنا ہے۔

کمپالا، یوگنڈا کے 50% نوجوانوں نے کہا کہ انہوں نے جنسی صحت کے متعلق اپنے اساتذہ سے معلومات حاصل کی ہے جبکہ بہت تھوڑی کیس اسٹیڈیز جو کہ ارجنٹائن، کینیا، پیرو، اور فلپائن سے اس غرض سے لی گئیں کہ یہ جانا جائے کہ اسکولوں میں جنسی تعلیم کی کیا حیثیت ہے جواب دہندہ کی ایک بہت بڑی تعداد نے یعنی 50% سے زیادہ نے کہا کہ اسکولوں میں جنسی تعلیم مکمل طور پر نہیں دی جاتی ہے۔ کچھ کیس اسٹیڈیز سے پتہ چلا کے جہاں جنسی تعلیم دی جاتی ہے وہاں اساتذہ جنسی میلاپ نہ کرنے پر زور دیتے ہیں جبکہ وہ بہت کم زور دیتے ہیں کہ محفوظ جنسی عمل کیا ہے اور جنسی رویے کیسے جنم لیتے ہیں۔ محفوظ جنسی عمل کے لئے کون سے رویے اختیار کرنے چاہیں۔ وہ ایسی تمام باتیں نوجوانوں پر اور ان کے والدین پر چھوڑ دیتے ہیں۔ عام طور پر نوجوانوں پر اور ان کے والدین پر چھوڑ

دیتے ہیں۔ عام طور پر نوجوانوں کو اس بات کی شدت پر زور دیتا ہوئے دیکھا گیا کہ جنسیت کے بارے اسکول میں مشاورت دی جائے۔ جب کہ جنسی میلاپ کے بارے میں نوجوانوں سے اس قسم کے سوالات کئے گئے تو انہوں نے کہا حاملہ ہونے سے بچنے کیلئے، جنسی بیماریوں سے تحفظ، مانع حمل کے طریقے، جنسی دوستیاں، تاریخی طے کرنے اور تولیدی صحت کے بارے میں تفصیل سے بتایا جائے۔ اور دوسرے افراد کے علاوہ ڈاکٹرز کو یہ ذمہ داری سونپ دی جائے کہ وہ نوجوانوں کی مندرجہ بالا میدانوں میں رہنمائی کریں۔

ڈوماگیٹ سٹی، فلپائن کی یونیورسٹی کے طلبہ کی 86% تعداد جو کہ اپنے آپ کو کیتھولک ظاہر کرتی تھی یا وہ کیتھولک ایجوکیشن انسٹیٹیوشن میں زیر تعلیم تھے، کا کہنا تھا کہ اسکولوں کی سطح پر جنسی تعلیم کا بندوبست ہونا چاہیے۔ ان میں باقی کی سطح پر جنسی تعلیم کا بندوبست ہونا چاہیے۔ ان میں باقی کچھ ایسی تعداد بھی تھی جن کا کہنا تھا جنسی تعلیم غیر ضروری ہے۔ معاشرہ کو کرپٹ بنا دے گی یا یہ مذہب کی تعلیمات کے منافی ہے۔ 76% شنگھائی خواتین کا کہنا تھا کہ وہ ضائع حمل کے طریقوں کے بارے میں جاننا چاہتی ہیں۔ اور 41% کا اصرار تھا کہ جنسی وبائی جراثیموں کے بارے میں معلومات کے حصول چاہتی ہیں۔ سیول کے 65% نوجوانوں کو معلومات تک رسد 34% کو مشاورت کی ضرورت کے بارے میں اظہار تھا

جنسی رویے اور صنفی نابرابری

کیس اسٹڈیز میں ایسے سوالات بھی رکھے گئے تھے کہ جن کی بنیاد پر دیکھا جائے کہ جنسی رویے کیسے پروان چڑھتے ہیں اور صنفی نابرابری ان کو کیسے متاثر کرتی ہے۔ جن معاشروں میں جنسی میلاپ کو صرف تولیدی صحت کو رواجی حیثیت حاصل ہوں، جہاں پر خواتین کو صرف تولیدی نقطۂ نگاہ سے دیکھا جاتا ہو وہاں مردوں کو معاشرہ میں فوقیت حاصل تھیں، وہاں جنسی رویے جارحانہ اور یک

طرف تھے۔ہم ایک کیس اسٹڈی یونیفس آرس ارجنٹائن کی لیتے ہیں جو کہ پینڈز برینر نے لی تھی۔جس میں پہلی دفعہ جنسی میلاپ میں شمولیت کے تین اہم اسباب سامنے آئے۔ہر جز کو مرد اور عورت نے اولیت کا درجہ دیا ہے۔پہلا جز پر عزم تعلقات کا استوار کرنا نکلا تھا۔48% نوجوانوں کی تعداد میں 2/3 خواتین کی تعداد اور شامل تھی جنہوں نے پختہ اور کبھی نہ ٹوٹنے والے تعلقات کو ترجیح دی تھی۔ اس قسم کے نوجوانوں میں جنسی عمل بھی پختہ تھا یعنی کہ وہ پہلی ملاقات میں جنسی عمل سے نہیں گزرتے تھے۔ 16-18 سال عمر کے نوجوان کی یہ چاہت تھی کہ وہ بڑی مدت تک تعلقات استوار رکھیں گے۔اس قسم کے تعلقات رکھنے سے گھروں تک تعلقات بڑھ جاتے ہیں۔وہ مسلسل میل جول رکھنے سے ایک دوسرے کے قریب تر ہو جاتے ہیں۔اس کا منفی پہلو یہ نکلتا ہے کی ان کو حاملہ پن ہونے کا یقینی خطرہ ہوتا ہے۔جنسی عمل کے باہمی رضامندی سے ہوتا ہے۔اس میں مانع حمل کے مختلف طریقے بھی استعمال کر سکتے ہیں انکو اپنے بڑوں سے بھی رہنمائی مل سکتی ہے۔

جذباتی فیصلے

دوسرا پہلو جذباتی ہوتا ہے۔جس میں شوقیہ طور پر یا ذائقہ چکھنے کی غرض سے جنسی میلاپ ہوتا ہے۔اس قسم کے جنسی میلاپ کے عمل میں آنے والے نوجوانوں کی عمریں 15 سال یا اس سے کم ہوتی ہے۔اس قسم کا جنسی میلاپ بڑوں کے اکسانے یا ان کو دیکھنے سے بھی نوجوانوں سے سرزد ہو جاتا ہے۔نوجوان اپنے جسم میں تولیدی اعضاء کی تبدیلی سے بھی حیران رہتے ہیں، ان اعضاء کو استعمال کرنے کا شوق رہتا ہے۔جب 15 سال یا اس سے کم عمر کے نوجوان اکیلے رہتے ہیں یا اکیلے سفر کرتے ہیں یا اپنے سے بڑوں کے ہمراہ اٹھتے بیٹھتے ہیں، اور اپنے بڑوں کی عادات کو دیکھ کر ان کو بھی شوق ابھرتا ہے۔جس سے غیر محفوظ جنسی عمل کا خطرہ رہتا ہے۔نوجوان کو اپنے یا اپنے اعضاء کے بارے میں مکمل طور پر پتہ نہیں ہوتا ہے وہ مانع حمل کے طریقوں سے بھی ناخبر ہوتا ہے جس سے جنسی وبائی بیماریوں کا

رسک بڑھ جاتا ہے۔

اتفاقی اور نا اتفاقی طور پر جنسی میلاپ

جنسی میلاپ سے تیسرا پہلو اتفاقی ہوتا ہے ۔اتفاقی طور پر جنسی میلاپ کے عمل سے گزرنے کیلئے کوئی عمر کی قید نہیں ہے۔جس میں باہمی رضامندی یا ناخوشی بھی شامل ہے۔جو کہ نوجوان مرد اور عورتوں کے رویوں کی بھی عکاسی کرتا ہے۔

نوجوان شادی سے پہلے جنسی تعلقات کو مرد کیلئے اچھا اور عورت کیلئے برا سمجھتا:۔

مرد اور عورت کے درمیان صنفی نابرابری کا یہ بھی مظہر ہے کہ وہ مرد کا شادی سے پہلے کسی عورت سے جنسی تعلقات رکھنے کو صحیح سمجھتے ہیں۔اگر وہ صحیح نہیں بھی سمجھتے تو وہ اس کو صرف برا کہتے ہیں۔ لیکن اس کے ہم عمر اور دوست اس کی ہمت افزائی کرتے ہیں۔جبکہ عورت کو شادی سے پہلے جنسی تعلقات رکھنے کو انتہائی برا مانا جاتا ہے۔اس سے عورت کی شادی بھی مشکل ہو جاتی ہے۔آپ ٹیبل نمبر 10 میں دیکھیں گے کہ ایشیاء اور لاطینی امریکہ کے معاشروں میں یہ دوہرا معیار کتنے قدر گہرا ہے۔تھائی لینڈ کے 32% نوجوانوں کے خیال میں نوجوان مرد کو شادی سے پہلے جنسی تعلقات نہیں رکھنا چاہیے اور اس کو شادی سے پہلے کنوارہ رہنا چاہیے۔جب کہ اسی معاشروں کے 71% اور 63% لوگوں کا کہنا تھا کہ لڑکیاں کو اپنا کنوارہ پن شادی تک برقرار رکھنا چاہیے۔

ہنوئی، ہوچی منہ ویتنام کی 8% خواتین کا کہنا تھا کہ جنسی عمل کو صرف وقتی لطف حاصل کرنے کی حد تک رکھنا چاہیے، یعنی جنسی عمل کبھی کبھار کیا جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔پیرو کے 49% خواتین جو رات کے کلبوں میں جاتی ہیں ان کا کہنا تھا کہ شادی سے پہلے تجرباتی طور پر جنسی عمل کیا جانا چاہیے تا کہ نوجوان کا اس مقصد میں چھپے ہوئے تجسس کو حقیقت کے روپ میں دیکھ لیں۔ 73% خواتین اور 59% مردوں کا کہنا تھا کہ شادی سے پہلے کنوارہ پن برقرار رکھنا چاہیے۔

کمپالا، یوگنڈا، بیوفس آئرس کے نوجوانوں کی 75-85% تعداد اس بات پر متفق تھی کہ شادی سے پہلے جنسی عمل کرنا ایک نارمل بات ہے۔

Table 10

				عورتیں		مرد		
ملک	نمونہ	عمر کی حد	سوال	1	2	3	4	ذرائع
یوگینڈا کمپالا	ہائی اسکول کے طلبہ1	14-17		73	78	73	78	میتھیس 1993
کوریا عوامی جمہوریہ ایکسپورٹ پروموشن زون		19-29		Na2	613	Ns4	Ns	نون تائی-ھون اٹ ال,.. 1994
کوریا عوامی جمہوریہ سیول	غیر شادی شدہ یونیورسٹی کے طلبہ	15-29		Ns	Ns	16	29	جونگ نون لم اٹ ال 1995
فلپائین ڈوماگیٹ سٹی	کالج کے طلبہ	18-24		73	92	42	71	کیڈلیا 1998

تھائیلینڈ شمال اور شمال مشرق	دیہاتی گھروں کے کمرے	15-24		46	71	32	63	امراز بکھتی 1995
تھائیلینڈ بینکوک	اسکول جانے والے اور صنعتی کارخانوں میں کام کرنے والے5	15-19		43	86	Ns	Ns	سوتھورن دھرالے 1994
تھائیلینڈ چینگ مائی	فیکٹری میں کام کرنے والے شادی شدہ اور غیر شادی شدہ	13-25		46	85	2	50	رونگ پاؤ 1997
ویتنام علاؤ ہوچی ماہ سٹی	کالج کے طلبہ	17-24		Na	98 8 8	74 43 37	Na	وو کے تاھن 1996

ارجنٹینا بیونس آئرس	۔ا،اسکول کے طلبہ 6	13-19		16	25	16	25	کورنیلٹ 1993
پیرو لیما	(2% مرد عورتیں شادی شدہ) نوجوان جو راتوں کے کلبوں میں جاتے ہیں	10-24		49 73	Na Na	68 59	Na Na	ویلانئواوا 1992
پیرو لیما کسکو اکیوئس	نوبالغ ہائی اسکول سے باہر طلبہ	12-19		51-52	37-43	31-35	2428	آلکورن اور کوزانیس 1996

صنفی بنیادوں پر دوہرا معیار رکھنے کو معاشرہ صحیح تصور کرتا ہے

نوجوان مرد اور خواتین اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ جنسی بنیادوں پر عورت کے ساتھ دوہرا معیار اپنایا جاتا ہے۔یہ معیار ان کا بنایا ہوا نہیں ہے۔بلکہ معاشرتی اصولوں وقوانین کی وجہ سے مرد کو پلس پوائیٹ حاصل ہے۔ دیکھا جائے تو مرد کو جنسی عمل کے لئے وسیع اختیار ہیں۔وہ ایک وقت میں ایک سے زیادہ جنسی دوست رکھ سکتا ہے جس سے دوگی کا تاثر ملتا ہے۔ایک کیس اسٹڈی ایسی مل گئی تھی جس سے ظاہر ہوا کہ جو عورت تولیدی صحت کی دیکھ بھال کی غرض سے ہسپتال آرہی تھی اس میں اس کی کوئی خوشی شامل نہیں تھی بلکہ مرد کی مرضی شامل تھی ایک عورت نے اپنے انٹرویو میں کہا کہ وہ سمجھتی ہے کہ تمام

مرد ایک جیسے ہیں۔ان کے جنسی رویوں سے یہ لگتا ہے کہ ان کو جنسی خواہشات عورت کے مقابلے میں زیادہ ہیں۔ڈوما گیٹ ،فلپائن کی ایک نوجوان عورت کا کہنا تھا کہ مرد کو جنسی عمل کرنے کا تجربہ ہونا چاہیے جبکہ ایسا تجربہ عورت کیلئے مناسب نہیں ہے کیوں کہ عورتیں مردوں سے زیادہ حساس ہوتی ہیں کہ وہ اپنے لئے ساتھی کا انتخاب کریں۔اس کا مزید کہنا تھا کہ عورتیں اپنے لئے آئیڈیل کا انتخاب کرتی ہیں۔مرد صرف جنسی خواہش پوری کرنے کیلئے عورت کا انتخاب کرتے ہیں۔

تھائیلینڈ کی نوجوان عورتوں کا کہنا تھا کہ وہ اگر چاہیں بھی تو بھی وہ گھوم پھر نہیں سکتیں، سگریٹ نہیں پھونک سکتیں اور نہ ہی شراب پی سکتیں۔جب کہ مرد کچھ بھی کرسکتے ہیں وہ جنسی میلاپ بھی کرسکتے ہیں۔اور معاشرے میں شاید ہی کوئی ایسا فرد ہو جو کہ عورت کے بغیر مرد سے جنسی میلاپ کے عمل کو اچھا عمل سمجھے۔بیونس آئرس کی ایک نوجوان عورت کا کہنا تھا کہ اگر ایک مرد کئی عورتوں کے ساتھ گھوم رہا ہو تو کوئی بھی اسے برا نہیں کہتا۔ظاہر یوں ہے کہ مرد کی زندگی کتنی آسان ہے ان کو آنے جانے کی بھرپور آزادی ہے اور عورت کو گھر میں رہنا ہے اور بچوں کو سنبھالنا ہے۔

نوجوانوں کے جنسی تعلقات سے متعلق مختلف رخ اور خیال

مختلف نوجوانوں کی آپ بیتی کہانیوں کا مطالعہ کرنے سے یہ آسانی سے پتہ چلایا جاسکتا ہے کہ وہ کتنے قدر مختلف رخوں سے جنسی تعلقات قائم رکھتے ہیں۔عورتوں کا جنسی عمل میں شریک ہونے کا سب سے بڑا سبب کسی سے پیار کا ہوجانا یا ایسے گہرے تعلقات کا ہوجانا جو دونوں کے وجود کو ایک دوسرے کے قریب لائے ،وہ نہ چاہتے ہوئے بھی جنسی عمل کر گذریں۔بعض دفعہ پیار کا اقرار کرنا اور پیار کی منزل کے طور پر جنسی میلاپ کا عمل جنسی عمل کرنے کی شدید خواہش، طبعی ضرورت یا کسی کا دباؤ بھی ہوسکتا ہے۔جس میں ایک جنسی دوست دوسرے کو جنسی میلاپ کے لئے آمادہ کرتا ہے۔جس کیلئے وہ مختلف طریقے استعمال کرتے ہیں۔

مختلف ممالک کے نوجوانوں سے سوال کیا گیا کہ جنسی عمل کرنے کیلئے فیصلہ کون کرتا ہے۔ بیونس آئرس کے 53% عورتوں کا خیال تھا کہ جنسی ساتھی کی رضامندی سے جنسی میلاپ کرنے کا فیصلہ ہوتا ہے اس قسم کا فیصلہ صرف اسی صورت میں ہوتا ہے جب جنسی دوستی کا تعلق پختہ اور گہرا ہو۔ بیونس آئرس کی ایک اور کیس اسٹڈی سے ظاہر ہوتا ہے کہ مرد جنسی تعلقات کی بدلے میں تسکین چاہتا ہے اور سمجھتا ہے کہ وہ لڑکی حاصل کرنے میں جیت گیا گویا کہ مرد اپنی جیت اور راحت محسوس کرتا ہے جب کہ مرد سمجھتا ہے کہ اس سے کچھ لیا ہے اور عورت سمجھتی ہے کہ اس نے کچھ دیا ہے۔ اور عورت اپنے ساتھی کے ساتھ جنسی عمل کے دوران اور اس کے بعد خوشی محسوس کرتی ہے اور جنسی ساتھی پر فخر محسوس کرتی ہے۔

بابِ ششم:

سفارشات

ترقی پذیر معاشروں کی کیا حکمت عملی ہونی چاہیئے؟

جوانوں کی جنسی حالات اور تعلقات کے بارے میں مختلف ترقی پذیر ممالک کے نوجوانوں کو زیر مطالعہ لایا گیا تھا۔ ان کے مطالعے سے اس بات کا اندازہ بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ نوجوان کا جھکاؤ کس طرف ہے۔ ان کے جنسی دوست رکھنے اور ان سے تعلقات قائم رکھنے کے کتنے قدر چاہت ہے، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جنسی صحت متعلق اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ اس لئے بھی ضروری ہیں کہ نوجوان ایک سے زیادہ جنسی دوست رکھنے کو ترجیح دیتا ہے۔ وہ کنڈم وغیرہ کا استعمال سمجھتا ہے کہ یہ بڑوں کا کام ہے ۔ ہمارا کام نہیں ہے۔ ہم کو بچے پسند نہیں کرتے ہیں کہ ہم غبارے استعمال کریں۔ جس سے غیر مطلوبہ حمل، جلدی جلدی حمل کا ضائع ہونا اور کئی ایسی باتیں سامنے آتی ہیں جن سے لگتا ہے کہ نوجوان کس قدر سنگین خطروں سے زندگی داؤ پر لگا کر کھیل رہا ہے۔

اس کتاب میں پیش کردہ آپ بیتیاں ظاہر کرتی ہیں کہ نوجوان اور نوبالغ اس موڑ پر کھڑا ہے، جس کے لئے جنسی معلومات کا ہونا اشد ضروری ہے۔ اگر ارد گرد کے حالات دیکھے جائیں تو پتہ چلتا ہے کہ نوجوان غلط فہمیوں کا شکار ہے۔ وہ اپنی جنسی ضروریات جو کہ اس کے جائز حق ہیں، ان کو حاصل کرنے لئے بے یارومددگار ہے۔ جب وہ اپنے بڑوں سے بات کرتا ہے تو سماجی قانون اسے روکتے ہیں۔

نوجوان کے خیالات وضروریات کا احترام کیا جائے

والدین اور بچوں کے درمیان ایسے تعلقات کی فضا ہو۔ جس میں بچہ کے لئے کوئی خطرہ نہ ہو۔ بچہ خواہ کتنا ہی بڑا ہو جائے، وہ جنسی مسائل پر والدین سے بات نہیں کر سکتا ہے۔ والدین سے ایسے معاملات شیئر کرنا اس لئے سودمند ہیں کہ بچے کے ہمدرد اور رازداں اور کوئی نہیں ہو سکتا۔ اگر ایسے

مخلص سے بات نہ کی جائے، تو خطرات بڑھتے چلے جائینگے۔ نوجوان اور والدین کے درمیان مثبت تعلقات ہوں۔ ایسے پروگرام چلائے جائیں جن سے جنسی و تولیدی صحت اور وبائی بیماریوں سے آنے والی نسلوں کو بچایا جا سکے۔ جہاں والدین تعلیم کی مد میں لاکھوں روپے خرچ کرتے ہیں اور بیس سے پچیس سال تک صبر و تحمل سے خرچہ اور پرورش کرتے رہتے ہیں، وہاں ان کو جنسی تربیت کا خلا چھوڑنے کے بجائے مواقع پیدا کریں۔

جنسی عمل کے لئے مشاورتی مراکز قائم کیے جائیں

حمل سے پہلے اور حمل کے بعد کے مسائل، جنسی بیماریوں اور انکے اسباب، محفوظ جنسی عمل کے بارے میں معلومات، مانع حمل کے طریقے اور جنسی و تولیدی حقوق کے بارے میں احسن اور جامع انداز میں بتایا جائے۔ جنسی تعلیم کو عام کیا جائے اور درسی نصاب میں خصوصی طور پر جگہ دی جائے۔

نوجوانوں میں صحت مند زندگی گذارنے کا جذبہ اور مہارتیں پیدا کی جائیں:

شادی سے پہلے جنسی دوستیاں انتہائی خطرناک ہیں۔ عام طور پر یہ جذبات پر قائم ہوتی ہیں۔ نوجوان پیار کی خاطر ہر چیز قربان کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں۔ اس پس منظر میں ایک دوست دوسرے دوست کی معصومیت کو پیار کے ترازو میں تولتے ہیں، اسے مجبور کر کے جنسی تعلقات کی انتہا کو چھو لیا جاتا ہے۔ جسے کوئی معاشرے کسی قیمت پر قبول نہیں کرتا۔ معاشرے کی نا قبولیت جذبات کو منفی رخ دیتی ہے۔ اس لئے ریاستی اداروں اور بزرگوں کا فرض بنتا ہے کہ اپنے آپ میں اور نوجوان نسل میں ایسی مہارتیں پیدا کریں جوان کے جنسی زندگی کے لئے مشعل راہ بنیں۔

مہارتیں جذبات کی رہنما ہیں۔ جذبات کو ضابطے میں رکھنا، جذبات کو زندہ رکھنا اور صحیح سمت میں رکھنا مہارتوں کا کام ہے۔ نوجوانوں میں جنسی مہارتوں سے مراد ہے کہ نوجوان کو پتہ ہو کہ محفوظ جنسی عمل کیا ہے، مانع حمل کے کیا طریقے ہیں؟ جنسی بیماریاں کیوں کر پھیلتی ہیں؟ وہ کونسے ذرائع

ہیں، جہاں سے وہ جنسی مسائل کا حل جان سکتے ہیں؟ یہ دیکھا گیا ہے کہ معلومات رکھنے والے اور نہ رکھنے والے نوجوان جنسی صحت کے معیار کو برقرار رکھنے میں ناکام رہے ہیں۔ جن کو جنسی صحت کے بارے میں مختلف طور طریقوں کے بارے میں پتہ نہیں ہے۔ وہ ہر جنسی عمل کے دوران خطرے کے انتہائی قریب ہوتے ہیں۔ حالانکہ نوجوان بخوبی آگاہ ہیں لیکن معاشرتی تقاضاؤں کے سامنے بے بس ہیں۔ وہ مانع حمل کے طریقوں کے بارے میں جانتے ہوئے بھی عمل نہیں کر سکتے۔ ایسا بھی ہوتا ہے کہ جنسی ساتھیوں میں سے ایک محفوظ جنسی عمل میں یقین نہیں رکھتا ہو۔ بعض کا خیال ہوتا ہے کہ جنسی عمل سے اعلیٰ درجے کا لطف حاصل کیا جائے۔ اگر ایک کی جان خطرے میں ہے، اس کی پرواہ نہیں کرتے۔ ایسے میں اپنی ذاتی اخلاقیات کو بھی لطف حاصل کرنے اور جنسی اور تولیدی رویوں کو ضابطے میں رکھنا اشد ضروری ہے۔ نوجوانوں میں یہ جذبہ ہونا چاہیے کہ وہ شرم، حیا، عقل اور تمام انسانی قدروں کا احترام کریں۔ نوجوان کو اس قدر قابل بنایا جائے کہ وہ بول سکیں، روک سکیں اور محفوظ جنسی عمل کے لئے ساتھی کو آمادہ کر سکیں کئی معاشروں میں عورت کو طاقت نہیں کہ وہ مرد کو روکے، یا محفوظ جنسی عمل کے لئے بول سکے۔ اس کے اختیار میں نہیں کہ وہ حمل کو روکے یا ضائع کرے۔ عورت صحت کی کمزوری کی بنا پر بھی حق نہیں رکھتی کہ مرد کو جنسی عمل سے روک سکے۔ ایسی صورتحال میں عورت اور مرد میں بات چیت کی مہارتیں پیدا کی جائیں کہ وہ ایک دوسرے کو اپنی مجبوری اور مسائل کے بارے میں بتا سکیں۔

ان سب آپ بیتی کہانیوں سے پتہ چلتا ہے کہ نوجوان گیر محفوظ جنسی عمل کی حوصلہ شکنی نہیں کرتے، نہ وہ ایسے عمل کرتے وقت اپنی طاقت کا استعمال کرتے ہیں۔ نوجوانوں کو باور کرایا جائے کہ کن حالات میں جنسی تعلقات پرخطر ہیں، ان کا متبادل کیا ہے؟ کیا ایک دفع کے غیر ضروری جنسی عمل اتنا اہم ہے جس کے لئے جان سے ہاتھ دھونا پڑ جائے۔ عام طور پر عورت کو بچہ دینے کی مشین اور جنسی تسکین کا ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔ اس کو مرد کو روکنے کا کوئی حق نہیں، چاہے محفوظ جنسی عمل ہو رہا ہو یا غیر

محفوظ۔ ایسے معمولات میں نوجوان کو تمام خطروں سے آگاہ رکھا جائے، تا کہ وہ جنسی عمل کرتے وقت اپنا اور ساتھی کی صحت کا خیال رکھیں۔

جنسی صحت کے متعلق مفروضات اور قیاس آرائیوں کی حوصلہ شکنی کی جائے

جنسی عمل میں طاقتور کو پلس پوائنٹ کا حق ہوتا ہے۔ جیسا کہ مرد اپنے زور بازو سے عورت پر غالب آجاتا ہے، عام طور پر اغوا کر کے، راستے میں اکیلا دیکھ کر یا کسی اور حالات میں مرد عورت کو جنسی ہوس کا نشانہ بنانے کی کوشش کرتا ہے۔ جو کہ کسی حالات میں بھی محفوظ جنسی عمل نہیں ہو سکتا۔ اس کے علاوہ عورت کو مرد کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے ہر وقت جنسی عمل کے لئے تیار رہتی ہے۔ مرد کو ہر حال میں فوقیت دی گئی ہے۔ جنسی بیماریوں کو چھپایا جاتا ہے۔ اس کا علاج بھی ٹونے دھاگے سے کرایا جاتا ہے۔ اب بھی ایسے معاشرے موجود ہیں جو عورت کو مرد کے غلام کا درجہ دیتے ہیں۔ عورت جنسی عمل کے بارے میں پوری طرح باخبر ہے۔ اسے تمام باتوں کا بخوبی اندازہ ہے کہ اس کا ساتھی اس کو جنسی وبائی بیماری میں دھکیل رہا ہے، اس کے باوجود وہ مرد کو محفوظ جنسی عمل کے طرف مائل نہیں کر سکتی ہے یا اس میں قوت نہیں ہے کہ وہ اپنے مرد کو روک سکے۔

نوجوان کو پرنٹ میڈیا کی مدد سے جنسی صحت کی معلومات دی جائے

جنسی صحت کے متعلق معلومات دینے کے لئے ابلاغ کے مختلف طریقے استعمال کئے جائیں۔ جیسا کہ T.V، ریڈیو، اخبار، پوسٹرز اور چھوٹے چھوٹے پیغام جنسی صحت متعلق دیئے جائیں۔ تا کہ نوجوانوں

کو معلوم ہو سکے کہ دنیا میں کیا ہو رہا ہے۔ ان سے جنسی صحت کے متعلق باتیں چھپائی نہیں جائیں۔ میڈیا کے تمام ذرائع کو مثبت جنسی معلومات دینے کے لئے استعمال کیا جائے۔ صحت مند خبریں اور تصاویر شائع کرنی چاہئے۔ تاکہ نوجوانوں کے ذہنوں پر اس کا مثبت اثر پڑے۔ میڈیا اچھے، معیاری اور صدق اشتہارات چھاپے۔ جعلی حکیموں، کشتوں اور دواؤں کے تشہیر نہ کی جائے۔ جعلی پیر، ٹونے اور دھاگے کرنے والوں سے نوجوانوں کو بچایا جائے۔ صحافی حضرات کو جنسی صحت کی رپورٹنگ کرنے کی مہارتیں دینے کے لئے تربیت دی جائے۔

والدین اور اساتذہ کو محفوظ جنسی عمل کے بارے میں اپنے بچوں کو درس دینا چاہئے

ان تمام آپ بیتی کہانیوں سے ظاہر ہوتا ہے نوجوان لڑکی کے لئے جنسی معلومات کا ذریعہ اس گھر یا کلاس روم ہو سکتا ہے۔ نوجوان لڑکی کے لئے جنسی عمل متعلق معلومات کا ذریعہ اس کا گھر یعنی کہ وہ اپنی ماں، بہن یا بھابھی ہے، یا کلاس فیلوز۔ جب کہ لڑکوں کی معلومات کا ذریعہ میڈیا اور دوست ہیں۔ جس طرح والدین اپنے بچوں کو روتا نہیں دیکھ سکتے ہیں، نہ ہی وہ پیار دیکھنا پسند کرتے ہیں۔ جنسی صحت کے متعلق بات چیت کرتے وقت شرم محسوس کرتے ہیں، یہ وجہ ہے کہ نوجوان جنسی بے راہ روی کا شکار ہو جاتا ہے۔ یا وہ ایسے کام کرنے لگتا ہے جس سے والدین کو بعد میں تکلیف اٹھانی پڑتی ہے۔ نوجوان اور والدین کے بیچ میں اگر جنسی صحت کے موضوع پر ترتیبی بحث نہیں ہوگی تو نوجوان ایک کامیاب شہری نہیں بن سکتا ہے۔ نوجوان پر اس کے استاد اور والدین کی تعلیمات کا اثر ہوتا ہے۔ یہ دونوں اگر گریز کریں گے تو بچہ کی زندگی متوازن نہیں ہو سکتی۔ اس کتاب میں شامل کیس اسٹڈیز سے ظاہر ہوتا ہے کہ نوجوان کو جامع تربیت دی جائے کہ وہ جنسی تعلقات استوار کرتے وقت اپنے برے

بھلے کی پہچان کر سکیں۔ نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کو جنسی تعلقات کے حق میں اور مخالفت میں بہت سارے شکوک و شبہات ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ان کے لئے یہ عمل پرکشش بھی ہوتا ہے۔ ان کے ذہن میں خدشات کے باوجود وہ جنسی عمل کرنے سے نہیں گھبراتے، اس لئے نوجوانوں کو جنسی تعلقات کے متعلق قدر اور اہمیت سے آگاہ کیا جائے۔ ان کو ممکنہ خطرات اور محفوظ جنسی عمل کے بارے میں بتایا جائے۔